پالیسی 1270

کمیونٹی کے روابط: کمیونٹی کی شمولیت

والدین اور خاندان کی مشغولیت

I. پالیسی کا بیان

A. بالٹی مور کاؤنٹی کا تعلیمی بورڈ (بورڈ) اس بات کی شناخت کرتا ہے کہ اسکول، والدین، خاندان اور کمیونیٹیز لازمی طور پر تعلیمی حصولیابی میں اعانت کے لیے اشتراک کریں، اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر طالب علم، کالج اور/یا کریئر کے مواقع کے لیے تیار ہو۔

B. بورڈ سبھی طلباء کی تعلیمی اور شخصی کامیابی میں اعانت کے ایک پائیدار نظام کی فراہمی میں شریک کار کے بطور سبھی اسکول، والدین/سرپرست، خاندان اور کمیونٹی کے ممبران کی شمولیت کی قدر کرتا ہے اور اس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

II. تعمیل (کمپلائنس)

A. بورڈ کی پالیسی 1270، اس کے ذریعہ نافذ سپرنٹنڈنٹ کے اصول اور اسکول سسٹم کے ضوابط، اسکول سسٹم کے *والدین اور خاندان کی شمولیت* کی پالیسی پر مبنی ہونے چاہئیں جیسا کہ *ایوری اسٹوڈنٹ سکسیڈس ایکٹ (ہر طالبعلم کامیاب ہو کا قانون)* تقاضہ کرتا ہے۔

B. بالٹی مور کاؤنٹی پبلک اسکولز (BCPS) کو *ایوری اسٹوڈنٹ سکسیڈس ایکٹ* کے والدین اور خاندان کی شمولیت کے تقاضوں کی تعمیل کرنی چاہیے۔

C. شمولیت کی ضروریات کو پورا کرنے کے وفاقی قانون کے مطابق:

1. BCPS BCPS کے تمام اسکولوں کے تعلیمی معیار اور BCPS کے والدین اور خاندان کے شمولیت کے پروگراموں کو بہترہ بنانے والی اس پالیسی مواد کے اپنے سالانہ نظرثانی اور جائزہ میں والدین اور خاندان کے ممبران (بشمول ایسے والدین اور خاندان کے ممبران جن کی انگریزی کی صلاحیت محدود ہے، معذور والدین اور خاندان کے افراد، ہجرت کرنے والے بچوں کے والدین اور خاندان کے ممبران اور بے گھر بچوں کے والدین اور اہل خانہ) کو شامل کرے گا۔ اور

2. ٹائٹل I کی آفس ٹائٹل I، پارٹ A فنڈز سے زیر خدمت تمام اسکولوں کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے میں اسکول کی سطح کے خاندان کی شمولیت کی پیش رفت پلان میں اضافہ کے مواد اور اثر کی نشو نما، نفاذ اور سالانہ جائزہ میں BCPS ٹائٹل I اسکولوں کے والدین اور خاندان کے ممبران کو شامل کرے گی۔

III. نفاذ

Copyright ©2021 Baltimore County Public Schools. All rights reserved.

بورڈ سپرنٹنڈنٹ کو اس پالیسی کے نفاذ کی ہدایت دیتا ہے۔

قانونی حوالہ جات: 20 U.S.C. §6301, *et seq.*، *ابتدائی اور ثانوی تعلیم کا قانون برائے 1965* (ESEA)، حسب ترمیم بذریعہ *ایوری اسٹوڈنٹ سکسیڈ (ہر طالبعلم کامیاب ہو) کا قانون*
20 U.S.C. §6318، *والدین اور خاندان کی شمولیت*
میری لینڈ کا مشرح قانون، تعلیم سے متعلق دفعہ 112-4§، *مشاورتی کمیٹیاں*

متعلقہ پالیسیاں: تعلیمی بورڈ کی پالیسی 0100، *ایکویٹی*
تعلیمی بورڈ کی پالیسی 0200، *بالٹی مور کاؤنٹی پبلک اسکولوں کے ضابطۂ عمل، عقائد اور اقدار*
تعلیمی بورڈ کی پالیسی 1100، *عوام کے ساتھ مواصلت*
تعلیمی بورڈ کی پالیسی 1200، *کمیونٹی کی شمولیت*
تعلیمی بورڈ کی پالیسی 1210، *والدین-استاد (طالبعلم)کی انجمنوں کے ساتھ رشتے*
تعلیمی بورڈ کی پالیسی 1230، *علاقائی تعلیمی مشاورتی کونسلز (AEAC)*
تعلیمی بورڈ کی پالیسی 1240، *اسکول کے مشاہدین*
تعلیمی بورڈ کی پالیسی 1260، *اسکول کے رضاکاران*

پالیسی — بالٹی مور کاؤنٹی کا تعلیمی بورڈ

اختیار کردہ:	05/23/91
نظر ثانی کردہ:	07/13/04
نظر ثانی کردہ:	05/20/08
نظر ثانی کردہ:	09/08/09
نظر ثانی کردہ:	09/07/10
نظر ثانی کردہ:	05/10/11
ترمیم کردہ:	07/01/11
نظر ثانی کردہ:	04/12/12
نظر ثانی کردہ:	05/07/13
نظر ثانی کردہ:	04/22/14
نظر ثانی کردہ:	05/05/15
نظر ثانی کردہ:	07/12/16
نظر ثانی کردہ:	05/09/17
نظر ثانی کردہ:	07/10/18
نظر ثانی کردہ:	07/14/20
جائزہ لیا گیا:	05[1]/18/21

Copyright ©2021 Baltimore County Public Schools. All rights reserved.

[1] 18 مئی 2021 کی اپنی میٹنگ میں، بورڈ پالیسی جائزہ کمیٹی کی مجوزہ تبدیلیوں کو اپنانے میں پالیسی 1270 میں ناکام رہا۔

Copyright ©2021 Baltimore County Public Schools. All rights reserved.